سوال

کیاسب احادیث پر وثوق ممکن ہے ؟

جواب

الحمدللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردہ احادیث میں سے جو صحیح احادیث ہیں ، انہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنے میں کوئی شک نہیں ، اور جو احادیث ضعیف ہیں انہیں نبی صلی اللہ کی طرف منسوب کرنے میں شک ہے ۔

اہل علم پر صحیح اور ضعیف احادیث کوئی مخفی نہیں ہیں ، ایسی کتب بھی تصنیف کی گئی ہیں جو کہ صرف احادیث صحیحہ پر مشتمل ہیں مثلا صحیح بخاری اور صحیح مسلم ، اور کچھ ایسی کتب بھی ہیں جن میں صحیح اور غیر صحیح دونوں پائی جاتی ہیں جیسا کہ باقی کتب احادیث ہیں ۔

احادیث صحیحہ کی تمیز اور پہچان کے سلسلے میں علماء کرام کی بہت ساری کوششیں اور کاوشیں ہیں جیسا کہ یہ معاملہ علوم حدیث کے ماہر علماء کو چھوڑ کر ابتدائی طلاب پر بھی مخفی نہیں ۔ .